اللہ تعالی کے لیے لفظ "ہوس" استعمال کرنا

مجیب: ابو احمد محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر:WAT-778

تاریخ اجراء: 03ذیقعدۃ الحرام1443ھ/03جون2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ایک مصرعہ ہے"ہوس تھی دید کی معراج کا بہانہ تھا"اس میں ہوس کی نسبت اللہ پاک کی طرف کی گئی ہے تو اللہ عزوجل کیلئے لفظ"ہوس"استعمال کرنا کیسا ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اللہ پاک کے لئے لفظ ہوس کا استعمال کرنا گستاخی وکفر ہے کہ اس کے معنی اللہ پاک کی شان کے لائق نہیں ہیں چنانچہ حضرت شارح بخاری مفتی شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ علیہ سوال میں مذکورہ مصرعہ اور اللہ پاک کے لئے لفظ "ہوس" کے استعمال کا حکم بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:"ہوس اصل میں عربی لفظ ہے اس کے اصل معنیٰ ایک قسم کے جنون کے ہیں اور خفت عقل کے ہیں، المنجد میں ہے:"الھوس (مص) طرف الجنون وخفتہ العقل یقال براسہ ھوس ای دوران اردوی"جس کا ترجمہ مصباح اللغات میں یوں کیا ہے:"جنون کی ایک قسم ہے سبکی عقل"اور کہا جاتا ہے"براسہ ھوس"اس کے سر میں چکر ہے۔

غیاث اللغات میں اس لفظ کے معنی یوں لکھے ہیں:"نوعے از جنون دیوانہ شدن بمعنی آرزو و شوق چیزے وعشق خام وناقص۔"اردو میں اس کے معنی مذموم خواہش کے ہیں۔ مشہور شعر کا مصرعہ ہے:

مذبلہ ہے وہ جہاں حرص وہوس رہتے ہیں

اور فارسی میں بھی اس معنی میں شیخ سعدی کہتے ہیں:

ہمی با ہوا وہوس ساختی　　　　دمے با مصالح نہ پرداختی

بوالہوس اردو کا مشہور لفظ ہے جو ذم کے لئے مستعمل ہے۔ مشہور شعر ہے:

ہر بوالہوس نے حسن پرستی شعار کی　　　　اب آبروئے شیوہ اہل نظر گئی

بناءً علیہ یہ کہنا کہ مجھے حج کی ہوس ہے، جائز نہیں۔ رہ گیا قوال کا شعر تو کلمہ کفر ہے۔ اللہ عزوجل ہر بری چیز سے پاک ہے۔ اس کی طرف ہوس کی نسبت کرنی گستاخی ہے۔ جس نے بھی یہ شعر کہا کہ: "ہوس دید تھی معراج کا بہانا تھا" اس پر اور جس قوال نے اسے گایا اور جن لوگوں نے سن کر پسند کیا اور وہ سب جنھوں نے اس شعر سے استدلال کیا ان سب لوگوں پر توبہ و تجدید ایمان اور بیوی والے ہیں تو تجدید نکاح بھی لازم ہے۔" (فتاوی شارح بخاری، جلد 1، صفحہ 217، مکتبہ برکات المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net　daruliftaahlesunnat　DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat　feedback@daruliftaahlesunnat.net